1391 ـ سود سے خریدی گئی چیز کا استعمال

سوال

میرے والدین نے میرے لیے گاڑی خریدی ہے، اور اب تك اس کی قیمت فائدہ کے ساتھ ادا کر رہے ہیں، کیا یہ گاڑی استعمال کرنی جائز ہے کہ نہیں، یہ علم میں رہے کہ میرے والدین اب تك رقم ادا کر رہے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب سود سے خریداری ہو چکی ہے اور اسے واپس کرنا ممکن نہیں ہے، تو آپ کے لیے یہ گاڑی استعمال کرنا ممکن ہے، لیکن اپنے والدین کو یہ نصیحت کریں اور انہیں یہ بتائیں کہ سود کے ساتھ خریداری کرنی حرام ہے، تا کہ وہ دوبارہ ایسا کام نہ کریں.

واللہ اعلم .